| پالیسی کا نام | پالیسی کا نمبر | مجریہ نمبر | صفحہ | |
|---|---|---|---|---|
| **رشوت خوری، بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کے لئے صفر برداشت (عالمی انسداد بدعنوانی پالیسی)** | 904 | 4 | 6 کا 1 | |
| | اسکوپ | | منظورشدہ انحرافات | |
| | عالمگیر | | ہاں | نہیں X |
| ادارہ | منظور شدہ از | | سابقہ ورژن | نفاذ کی تاریخ |
| محکمہ قانون | لاؤرا نیکوئسٹ، جنرل کونسل | | 10/1/2012 | 12/31/2015 |

**آخری نظرثانی کی تاریخ: 16 جنوری 2019**

اس پالیسی میں ٹیرا ڈیٹا ضابطہ اخلاق، ٹیرا ڈیٹا اخلاقیات رہنماء، CMP 912 (تحائف اور تفریح پالیسی) اور اس پالیسی میں حوالہ دی گئی کوئی بھی دوسری پالیسیوں یا اس پالیسی کے ضمیمہ کے متعلقہ دفعات شامل ہیں اور ان کا تکملہ ہیں۔

## پالیسی تناظر

ٹیرا ڈیٹا رشوت خوری، بد عنوانی اور منی لانڈرنگ (ملا کر، "بدعنوانی") کے لئے صفر برداشت رکھتا ہے۔ اس وجہ سے اس پالیسی کو ہماری "صفر برداشت کی پالیسی" یا ہماری "عالمگیر انسداد بدعنوانی پالیسی" کہا جا سکتا ہے۔

اس صفر برداشت کی پالیسی کا اطلاق ٹیرا ڈیٹا کی جانب سے، اس کی توسط سے یا اس کے ملوث ہونے یا دنیا میں کہیں بھی اس کی پیشکشوں کے تمام معاملات پر ہوتا ہے۔ اس پالیسی کی تمام دنیا بھر میں ٹیرا ڈیٹا اداروں، ذیلی اداروں، ملحقہ اداروں، ڈسٹری بیوٹرز، ری سیلرز، سپلائرز، ٹھیکیداروں، ایجنٹوں، بروکروں اور دیگر فریق ثالث کے نمائندوں، اور ان کے تمام افسران، ڈائریکٹروں، ملازمین، ایجنٹوں اور دیگر نمائندگان ("ٹیرا ڈیٹا افراد") کی جانب سے تعمیل کی جانی چاہیئے۔

اس صفر برداشت پالیسی کا اطلاق بدعنوانی کی تمام اقسام - سرکاری بدعنوانی اور پرائیویٹ بدعنوانی - پر ہوتا ہے۔ لہذا اس پالیسی کا اطلاق ٹیرا ڈیاٹ افراد کی جانب سے تمام معاملات جن میں کوئی "سرکاری عہدیدار" ملوث ہو اور اس کے علاوہ وہ جن میں کوئی "پرائیویٹ عہدیدار" ملوث ہو پر ہوتا ہے۔ اس پالیسی کے مقاصد کے لئے، سرکاری عہدیدار کا مطلب ہے کسی حکومت، سیاسی اینٹٹی، سیاسی جماعت، بین الاقوامی پبلک ایجنسی، یا "ریاستی ملکیت کی انٹرپرائز" ("SOE") جیسا کہ بینکاری، ٹیلی مواصلات، آمدورفت یا مفاد عامہ کی کمپنی جو کسی حکومتی اینٹٹی کی کلی یا جزوی ملکیت ہو کا کوئی ملازم، کانٹریکٹر، ایجنٹ، منتخب شدہ یا مقرر کردہ عہدیدار، امیدوار، نامزد شخص یا نمائندہ ہے۔

اس پالیسی کے مقاصد کے لئے، "پرائیویٹ عہدیدار" کا مطلب ہے کوئی ایسا شخص جو سرکاری عہدیدار نہ ہو لیکن جو کسی اصل یا مجوزہ ٹیرا ڈیٹا گاہک، سپلائر، کنٹریکٹر، سروس فراہم کنندہ، ڈسٹری بیوٹر، ری سیلر، ایجنٹ، بروکر یا دیگر کاروباری اتحاد پارٹنر کا ایک افسر، ڈائریکٹر، ملازم، ایجنٹ یا بصورت دیگر نمائندہ ہو۔ بدعنوانی جس میں ایک سرکاری عہدیدار ملوث ہو کا اس پالیسی میں سرکاری بدعنوانی کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے؛ بدعنوانی جس میں ایک پرائیویٹ عہدیدار ملوث ہو کا اس پالیسی میں پرائیویٹ بدعنوانی کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے

| پالیسی | پالیسی نمبر | صفحہ |
|---|---|---|
| **رشوت خوری، بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کے لئے صفر برداشت (عالمی انسداد بدعنوانی پالیسی)** | 904 | 6 کا 2 |

ٹیرا ڈیٹا تقاضا کرتا ہے کہ:

(1) تمام قابل اطلاق انسداد رشوت، انسداد بدعنوانی اور منی لانڈرنگ قوانین (مجموعی طور پر "انسداد بدعنوانی قوانین")، بشمول امریکہ کے غیر ملکی بدعنوانی ایکٹ ("FCPA")، برطانیہ ("برطانیہ") رشوت خوری ایکٹ، اور عملداری کے علاقے اور مقام جہاں ہم کاروبار کرتے ہیں کے سب قوانین کی ہر وقت تعمیل کی جانی چاہیئے؛

(2) رشوت خوری، بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کو روکنے، ان کے خطرے اور اثر کو کم کرنے، سراغ لگانے اور تدارک کرنے کے علاوہ انسداد بدعنوانی قوانین کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے پالیسیوں، انضباطی اقدامات اور طریقہ کار کو کمپنی کے اندر نافذ کیا جانا چاہیئے؛ اور

(3) ان پالیسیوں انضباطی اقدامات اور طریقہ کار کی پیروی اور ان کو بزور نافذ کیا جانا چاہیئے۔

دنیا بھر میں ٹیرا ڈیٹا افراد:

(1) سے کمپنی کی متعلقہ سرگرمیوں، امور اور لین دین کے سلسلے میں اعلی اخلاقی کاروباری طریقہ کار پر کاربند ہونے کی توقع کی جاتی ہے؛

(2) رشوت، کک بیکس، منی لانڈرنگ، غیر مناسب سہولتی/گریس ادائیگیوں اور تمام دیگر بدعنوان ادائیگیوں، قیمتی اشیاء کی منتقلیوں کی پیشکش کرنے، درخواست کرنے، ادا کرنے، وصول کرنے، سہولت بہم پہنچانے، اجازت دینے، منظوری دینے، تصدیق کرنے، میں شرکت کرنے، کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز میں مکمل اور صحیح طرح سے ریکارڈ نہ کرنے اور چھپانے سے اجتناب کرنا چاہیئے؛ اور

(3) دیگر ٹیرا ڈیٹا پالیسیوں اور معیارات کو ذہن میں رکھنا اور ان کی تعمیل کرنی چاہیئے جو رشوت خوری، بدعنوانی اور/یا منی لانڈرنگ کی وجہ بن سکنے اور ان سے متعلق طرزعمل اور روایات کا تدارک کرتے ہوں جیسا کہ ٹیرا ڈیٹا تحائف اور تفریح پالیسی (CMP 912)، مفاد کا ٹکراؤ پالیسی (CMP 901)، سفر اور تفریح پالیسی (CMP 802) اور ٹیرا ڈیٹا ضابطہ اخلاق اور متعلقہ ٹیرا ڈیٹا اخلاقیات رہنماء۔

FCPA انسداد رشوت خوری اور انسداد بدعنوانی کے کم سے کم عالمگیر تقاضے قائم کرتا ہے جن کو امریکی کمپنیوں اور ان کے افراد کو امریکہ کی منڈیوں میں کاروبار کرنے یا غیر امریکی منڈیوں کے حوالے سے پورا کرنا چاہیئے۔ FCPA کا اطلاق خصوصیت کے ساتھ سرکاری عہدیداروں کے ساتھ، کے لئے، یا سے متعلق کاروباری معاملات، رشوت، کک بیکس اور قیمتی اشیاء کی دیگر منتقلیوں (بلواسطہ اور بلاواسطہ) پر ہوتا ہے۔ ٹیرا ڈیٹا کے افراد جو سرکاری عہدیداروں سے متعلقہ سیلز یا دیگر سرگرمیوں میں ملوث ہوں کو یقین کرنا چاہیئے کہ وہ ہر وقت FCPA کی تعمیل کرتے ہیں، اور، اگر ان کو یقین نہ ہو تو، ان کو ٹیرا ڈیٹا شعبہ قانون یا E&C دفتر سے رہنمائی یا ہدایات حاصل کرنی چاہیئے اس سے پہلے کہ وہ کسی ایسی کاروائی میں مشغول ہوں جو FCPA کی تعمیل نہ کرتی ہو۔

بہت سارے ممالک، صوبوں، ریاستوں اور دنیا بھر میں عملداریوں، بشمول امریکہ میں زیادہ تر ریاستوں نے بھی انسداد بدعنوانی، انسداد رشوت خوری، اور اینٹی منی لانڈرنگ قوانین، قواعد اور رہنماء اصول اپنائے ہوئے ہیں جن کا اطلاق سرکاری بدعنوانی کے علاوہ پرائیویٹ بدعنوانی پر ہوتا ہے۔ وہ قوانین اکثر کمپنیوں اور ان کے نمائندوں پر لاگو ہوتے ہیں جو:

(1) اس عملداری میں تشکیل کردہ ہیں یا کاروبار کرتے ہیں؛ (2) اس عملداری کے لئے یا اس میں حکومت سے متعلقہ ٹھیکوں (بنیادی کانٹریکٹر یا ذیلی کانٹریکٹر کے طور پر) کے لئے بولی دیتے یا شرکت کرتے ہیں؛ (3) اس عملداری میں شہریوں، رہائشیوں یا وہاں تشکیل کردہ یا کام کرنے والی کمپنیوں کو ملازم، ان کے ساتھ کانٹریکٹر یا بصورت دیگر مشغول ہوتے ہیں۔

ان اقسام کی انسداد بدعنوانی کے قوانین دنیا بھر میں اور کئی عملداریوں میں زیادہ سے زیادہ اور شدت کے ساتھ نافذ کیے جا رہے ہیں۔ ان قوانین کی خلاف ورزیوں کے لئے فوجداری سزاؤں میں شامل ہو سکتی ہیں: ملوث افراد کے لئے جیل میں قابل ذکر وقت، ملوث پائے گئے افراد اور کمپنیوں دونوں کے لئے بھاری جرمانے اور کمپنیوں سے غیر مناسب حاصل کیا گیا نفع جمع کرانے کا کہا جا سکتا ہے۔ خلاف ورزیوں کی بنیاد خود درپردہ بدعنوان طرزعمل پر ہو سکتی ہے اور/یا کمپنی کی جانب سے رشوت خوری/بدعنوانی کو روکنے، سراغ لگانے اور سدباب کرنے کے لئے مناسب طریقہ کار نہ بنانے یا درست کھاتے اور ریکارڈز جو تمام لین دین اور قیمتی اشیاء کی دیگر منتقلیوں میں ملوث صحیح رقم، مقصد، نوعیت اور فریقین کی مکمل اور شفاف طریقے سے عکاسی کرتے ہوں برقرار رکھنے میں ناکامی ہو سکتی ہے ۔ لہٰذا، کمپنی کے ملازمین اور نمائندے جو رشوت/بدعنوانی کو روکنے، سراغ لگانے اور سدباب کرنے کے لئے تیار کیے گئے کمپنی کے انضباطی اقدامات اور طریقہ کار کی خلاف ورزی کرتے ہیں یا جو دانستہ طور پر کمپنی کھاتے اور ریکارڈز (بشمول تحائف، تفریح اور سفر سے متعلق) جھوٹے، غیر درست اور نامکمل اندراجات کرتے ہیں انسداد بدعنوانی قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح، کمپنی اس طرح کے انضباطی اقدامات، طریقہ کار اور ریکارڈ کیپنگ اور بک کیپنگ کے تقاضوں کے بارے میں جاننے کے حوالے سے صفر برداشت رکھتی ہے۔ کمپنی ان تمام ٹیرا ڈیٹا افراد کے خلاف انضباطی کاروائی کریگی جو اس پالیسی کی خلاف ورزی کرتے ہیں، بشمول ان کی ملازمت کو ختم کرنے کی حد تک یا (اگر وہ ملازم نہیں ہیں) ٹیرا ڈیٹا کے ساتھ ان کے کانٹریکٹ کے خاتمے تک اور کمپنی خلاف ورزی کی اطلاع قانون نافذ کرنے والے اداروں دے سکتی ہے اور اس طرح کی خلاف ورزیوں کے مرتکب افراد کے خلاف تحقیق اور قانونی کاروائی میں تعاون کر سکتی ہے۔ انسداد بدعنوانی قوانین کی ان اقسام کی تمام خلاف ورزیاں، ان میں چاہے کتنی ہی چھوٹی رقم ملوث نہ ہو، سنگین ہیں اور کمپنی ان کو برداشت نہیں کرے گی اور نہ کر سکتی ہے۔

## پالیسی

ٹیرا ڈیٹا افراد کو قانونی اور اخلاقی انداز میں کاروبار کرنا چاہیئے، تمام انسداد بدعنوانی قوانین کی تعمیل کرنی چاہیئے بشمول FCPA اور UK رشوت خوری ایکٹ اور ان کو ان قوانین سے یا ان سے متعلق درست کھاتے اور ریکارڈز اور معقول طریقہ کار کے تقاضوں کی تعمیل کرنی چاہیئے۔ اس طرح کے طرزعمل کے لئے نیچے دیا گیا پالیسی بیان کم سے کم مطلوبہ معیارات کی عکاسی کرتا ہے۔ تاہم، ٹیرا ڈیٹا افراد سے توقع کی جاتی ہے اصل میں ان کا کاروباری طرزعمل ان کم سے کم معیارات سے بڑھ کر ہو۔ مثال کے طور پر، ایسی عملداری میں بھی جہاں کسی گاہکی نمائندے کو شاہانہ ذاتی تحفے/تفریح اور احسانات کی صورت میں پرائیویٹ بدعنوانی مقامی قوانین کی واضح دفعات یا مقامی نفاذ قانونی کے اہلکاروں کی جانب سے نافذ کردہ دفعات کے تحت غیر قانونی تصور نہ کی جاتی ہو، ٹیرا ڈیٹا کے افراد کو اس طرزعمل میں مشغول نہیں ہونا چاہیئے۔

## پالیسی کے بیانات

1. کمپنی کے ڈائریکٹر، افسران، ملازمین، ایجنٹ اور دیگر فریق ثالث نمائندے:

کمپنی سے متعلقہ کاروبار حاصل کرنے، برقرار رکھنے، اس کی سمت موڑنے یا اثرانداز ہونے یا ایسے ارادرے کے لئے کسی سرکاری عہدیدار یا پرائیویٹ عہدیدار کو بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی رشوت، کک بیک، رقم یا قیمتی چیز ادا، ادا کرنے کی پیشکش، ادا کرنے کا وعدہ یا ادائیگی کی منظوری نہیں دیں گے یا اس طرح کے عہدیدار کی جانب سے یا اس کی ایجنسی، SOE یا کمپنی کی جانب سے کمپنی کے لئے کوئی غیر قانونی، بدعنوان یا غیر معقول سلوک حاصل نہیں کریں گے۔

نتیجتا، "سہولتی ادائیگیاں" اور "گریس ادائیگیاں" سختی کے ساتھ منع ہیں۔ سہولتی/گریس ادائیگی عام طور پر ایسی نقد ادائیگی یا منتقلی کو کہتے ہیں جو ٹیرا ڈیٹا کی طرف سے یا اس کی جانب سے کسی سرکاری عہدیدار کو کی جائے، جو حکومتی عہدیدار کی جانب سے اپنی انفرادی حیثیت میں وصول یا برقرار رکھی جائے تاکہ وہ ایسے انداز میں سہولت فراہم کرے یا اپنی کارکردگی میں بہتری لائے جو ٹیرا ڈیٹا یا کسی ٹیرا ڈیٹا شخص کے مفاد میں ہو۔ مثال کے طور پر، ماضی میں اور کچھ دیگر کمپنیوں میں اور امریکہ سے باہر کچھ مقامات میں چھوٹے موٹے کاموں جیسا کہ کسٹمز اور امیگریشن کلیئرنس میں سہولت دینے یا اس کو آسان بنانے کے لئے کسی کمپنی کے ملازم کے لئے کچھ سرکاری عہدیداروں کو چھوٹی سہولتی/گریس ادائیگیاں کرنا، گریجوایٹی کی صورت میں، ایک عام، قابل قبول اور/یا قانونی پریٹکس ہو سکتی تھی۔ اس طرح کی سہولتی/گریس ادائیگیاں ٹیرا ڈیٹا میں ممنوعہ ہیں اور کمپنی ان کے بارے میں صفر برداشت رکھتی ہے، چاہے وہ کسی ملک میں تکنیکی طور پر غیر قانونی تصور نہ کی جاتی ہوں۔

تاہم، اگر کسی حکومتی اینٹٹی کی جانب سے حکومت کی جانب سے شائع کردہ جائز سرعتی فیس شیڈول یا سرعتی سروس کی پیشکش کی جاتی ہے اور رقم چیک یا برقیاتی منتقلی کے ذریعے کمپنی سے یا کے لئے حکومتی اینٹٹی کو ادا کی جاتی ہے اور اسے ٹیرا ڈیٹا کے کھاتے اور ریکارڈز میں مناسب طریقے سے ریکارڈ کیا جاتا ہے، تو ایسی ادائیگی سہولتی/گریس ادائیگی کے زمرے میں نہیں آئے گی۔ مثال کے طور پر، ایک یوٹیلٹی جو ریاستی ملکیت کی انٹرپرائز/SOE ہے کمپنی کو مخصوص جائز سرعتی یا معمول کے اوقات کے باہر یوٹیلٹی سیٹ اپ یا مرمتی خدمات حاصل کرنے کی اہلیت کے قابل بناتی ہیں اور اگر کمپنی اس طرح کی سرعتی خدمات کے لئے یوٹیلٹی شائع کردہ فیس/نرخ ادا کرتی ہے؛ ایسا کرنا سہولتی/گریس ادائیگی یا پالیسی کی خلاف ورزی تصور نہیں کیا جائے گا۔ اگر کسی ٹیرا ڈیٹا شخص کو یقین نہ ہو کہ آیا کوئی مجوزہ ادائیگی ایک ممنوعہ ادائیگی، ممنوعہ سہولتی/گریس ادائیگی یا جائز سرعتی فیس کا بندوبست ہوگی، تو اسے ایسی ادائیگی پر اتفاق، اس کی اجازت دینے یا اسے ادا کرنے سے پہلے ٹیرا ڈیٹا شعبہ قانون یا اخلاقیات اور تعمیل (E&C) دفتر سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیئے اور اس حوالے سے ٹیرا ڈیٹا شعبہ قانون یا اخلاقیات اور تعمیل (E&C) دفتر سے رہنمائی پر عمل کرنا چاہیئے۔

| پالیسی | پالیسی نمبر | صفحہ |
|---|---|---|
| **رشوت خوری، بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کے لئے صفر برداشت (عالمی انسداد بدعنوانی پالیسی)** | 904 | 6 کا 5 |

2. کارپوریٹ اکاؤنٹنگ پالیسیاں، طریقہ کار اور انضباطی اقدامات اپنائے اور وضع کیے جائیں گے تاکہ FCPA، UK رشوت خوری ایکٹ اور دیگر انسداد بدعنوانی قوانین کے درست کھاتے اور ریکارڈز اور مناسب طریقہ کار کے تقاضوں کی تعمیل کی جا سکے، تاکہ کارپوریٹ فنڈز کے ان قوانین کے خلاف استعمال کو منع اور روکا جا سکے اور تاکہ تقاضا کیا جا سکے کہ کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز کمپنی کی جانب سے، کے لئے یا اس کی تمام ادائیگیوں، اخراجات، منتقلیوں، اثاثہ جات اور لین دین کی صحیح اور درست رقوم، شناختوں، وصول کنندگان، تاریخوں، نوعیت اور مقصد کی مکمل، شفاف اور معقول انداز میں عکاسی کریں۔ بطور خاص:

a. تمام لین دین جن میں کمپنی یا اس کے ذیلی اداروں کے فنڈز یا اثاثہ جات ملوث ہوں کو کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز میں ریکارڈ کیا جانا اور باقاعدگی کے ساتھ مالیاتی رپورٹوں اور گوشواروں میں کمپنی کے مالیاتی ادارے پر ظاہر کیا جانا چاہیئے؛

b. فنڈز یا اثاثہ جات جو کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز میں ظاہر نہیں ہوتے اور جو باقاعدگی کے ساتھ مالیاتی رپورٹوں اور گوشواروں میں کمپنی کے مالیاتی ادارے پر ظاہر نہیں کیے جاتے (جن کو بسااوقات "سلش فنڈز" کہا جاتا ہے) ممنوعہ ہیں؛

c. کمپنی یا اس کے ذیلی اداروں کے کھاتوں اور ریکارڈز میں کوئی غلط یا گمراہ کن اندراجات نہیں کیے جانے چاہیئے؛

d. کمپنی یا اس کے ذیلی اداروں کی جانب سے کی گئی تمام ادائیگیوں اور اٹھنے والے تمام اخراجات (بشمول منتقلیوں، لین دین اور اثاثہ جات کے انتظامات، جیسا کہ قیمت کی جنس والی چیزیں فراہم کرنا) کی تائید مناسب دستاویزات کے ذریعے ہونی چاہیئے، جو ایسی ادائیگیوں/اخراجات کی درست رقوم، شناختوں، وصول کنندگان، تاریخوں، نوعیت اور مقصد کی مکمل، شفاف اور معقول انداز میں عکاسی کریں؛

e. ادائیگی/اخراجات کی تائید کرنے والی دستاویزات میں بیان کردہ مقصد کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے کوئی ادائیگی نہیں کی جانی چاہیئے اور کوئی خرچ نہیں اٹھایا جانا چاہیئے (بشمول منتقلیوں، لین دین اور اثاثہ جات کے انتظامات، جیسا کہ قیمت کی جنس والی چیزیں فراہم کرنا)؛ اور

f. جھوٹے یا گمراہ کن بیانات دینا، کسی حقیقت یا بیان کو مٹانا یا اس کی وجہ بننا، کسی افسر، اکاؤنٹنٹ، آڈیٹر یا کمپنی کے کسی دوسرے عہدیدار کو کسی آڈٹ، معائنہ، تفتیش یا مالیاتی گوشوارے کی تیاری کے سلسلے میں گمراہ کرنا منع ہے۔

کمپنی کی کارپوریٹ فنانس اور اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور متعلقہ طریقہ کار اس پالیسی کے ساتھ تعمیل کو یقینی بنانے، نگرانی کرنے اور تصدیق کرنے کے لئے اکاؤنٹنگ کے انضباطی اقدامات قائم کریں گے۔

3. جب کبھی اس پالیسی کی کوئی خلاف ورزی ہو، یا معقول طور پر خلاف ورزی کا شبہ ہو یا جب اس پالیسی، اس کے ساتھ یا قوانین جن سے یہ پالیسی متعلق ہے کے ساتھ تعمیل کے حوالے سے سوالات ہوں تو کمپنی کے شعبہ قانون یا E&C دفتر سے فوری طور پر رابطہ کیا جانا چاہیئے۔

| پالیسی | پالیسی نمبر | صفحہ |
|---|---|---|
| **رشوت خوری، بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کے لئے صفر برداشت (عالمی انسداد بدعنوانی پالیسی)** | 904 | 6 کا 6 |

4. ہر افسر، منیجر اور ملازم جس سے کمپنی کی پالیسیوں اور/یا طریقہ کار کی جانب سے میعادی طور پر تصدیق کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے کہ کھاتے اور ریکارڈز، مالیاتی گوشوارے/رپورٹیں، اور/یا کمپنی کی افشاء کی گئی چیزیں درست، تعمیلی اور اس کے بہترین علم کے مطابق مکمل ہیں، اور/یا متبادل طور پر اس طرح کی تصدیق کاری بیان سے استثنات کو فہرست بند کرے، کو اپنی اس وقت کی موجودہ میعادی تصدیق کاری استثنات کے بیان میں اس پالیسی کی ہر خلاف ورزی کو بیان کرے جن سے وہ آگاہ ہے، اس حد تک کہ خلاف ورزی کی پہلے سے کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز، مالیاتی گوشواروں/رپورٹوں یا افشاء کی گئی چیزوں میں یا کمپنی کے چیف فنانشل افسر، محکمہ قانون، E&C دفتر، چیف ایگزیکیٹیو افسر، آڈٹ کمیٹی اور/یا بورڈ آف ڈائریکٹرز میں درست طور پر عکاسی کی گئی ہے۔

| پالیسی کا بیان | پالیسی نمبر | صفحہ |
|---|---|---|
| رشوت خوری، بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کے لئے صفر برداشت (عالمی انسداد بدعنوانی پالیسی) - تکملہ | 904s | 6 کا 1 |

## پالیسی کا بیان

### FCPA/انسداد رشوت خوری/انسداد بدعنوانی کے بنیادی قانون تقاضوں اور عواقب کا خلاصہ، اور کیسے ٹیرا ڈیٹا میں ان کا تدارک کیا جاتا ہے

اس تکملہ کا مدعا اس پالیسی میں جو کچھ بیان کیا گیا سے آگے کے لئے ٹیرا ڈیٹا کے لوگوں کو خلاصہ سطح کی رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ یہ خلاصہ ایک مجموعہ (اس تاریخ تک جب یہ پالیسی ورژن مؤثر بہ نفاذ ہوا اور جیسا کہ اسے اس پالیسی کے لئے آخری نظرثانی کی تاریخ کے بعد اپ ڈیٹ کیا گیا) کی عکاسی کرتا ہے:FCPA اور دیگر انسداد بدعنوانی قوانین کی مختلف دفعات؛ انسداد بدعنوانی قوانین کے حوالے سے اور مقدمات جن میں یہ ملوث ہوں کے فیصلوں/آراء کی تشریحات؛ رہنمائی، بہترین طریقہ کار، سفارش کردہ خطرہ سے بچنے/تخفیفی کاروائیاں اور انسداد بدعنوانی قوانین کے حوالے سے امکانی نتائج کی پیش بینی؛ اور، انسداد بدعنوانی قوانین سے متعلق کمپنی کی پالیسیاں، طریقہ کار، تقاضے اور رہنمائی۔

یہ خلاصہ کمپنی کی جانب سے کسی قسم کااعتراف یا قانونی حیثیت یا قانونی مشورہ تصور نہیں کیا جانا چاہیئے اس حوالے سے کہ انسداد بدعنوانی قوانین کے حوالے سے کون سی مخصوص دفعات، تقاضے اور تشریحات اس وقت دی گئی ہیں یا جائیں گی، یا یہ کہ انسداد بدعنوائی قوانین کی خلاف ورزی ضروری نہیں کہ واقع ہوگی یا نہیں ہوگی جب مخصوص حقائق اور حالات کا اطلاق کیا گیا ہے۔

اگر ٹیرا ڈیٹا کے کسی شخص کو کوئی سوال یا خدشہ ہو کہ آیا کوئی چیز انسداد بدعنوانی قوانین کی ہو سکتا ہے تعمیل کرتی ہے یا نہیں، تو اسے کمپنی کے شعبہ قانون یا E&C دفتر کے روبرو اسے اسی وقت اٹھانا چاہیئے جب یہ پیش آیا تاکہ اس وقت اصلی حقائق اور ملوث حالات کی بنیاد پر اسی وقت مخصوص قانونی رہنمائی اور مشورہ فراہم کیا جا سکے۔

کمپنی کا ضابطہ اخلاق، متعلقہ اخلاقی رہنماء اور دیگر پالیسیاں (بشمول تحائف اور تفریح پالیسی، CMP 912، اس کی مفاد کے ٹکراؤ کی پالیسی (CMP 901) اور اس کی کارپوریٹ فنانس اور اکاؤنٹنگ کی پالیسیاں) انسداد بدعنوانی قوانین کے ساتھ تعمیل اور اس سے متعلق امور سے نمٹنے سے متعلق مخصوص مسائل اور حالات کے بارے میں مزید تفصیلات بھی فراہم کرتی ہیں۔

امریکی فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ (FCPA) کے مقاصد میں شامل ہیں: (1) امریکہ میں قائم/تجارت کرنے والی کمپنیوں اور ان کے تمام ذیلی اداروں، اور دنیا بھر میں ان کے ملازمین اور دیگر نمائندگان کو عہدیداروں، حکومتی اینٹٹیز، جزوی یا کلی طور پر حکومتی ملکیت کی انٹرپرائزز یا بین الاقوامی پبلک ایجنسیوں سے کاروباری اثر و رسوخ یا فائدہ یا دیگر غیر قانونی، بدعنوان یا غیر مناسب موافق سلوک حاصل کرنے یا برقرار رکھنے کے لئے رشوت، کک بیکس اور دیگر بدعنوان ادائیگیاں/منتقلیاں کرنے سے منع کرنا؛ اور (i) (2) کارپوریٹ فنڈز کے غیر قانونی، غیر اخلاقی، بدعنوان اور غیر مناسب مقاصد کے لئے استعمال ہونے سے روکنے اور (ii) کارپوریٹ کھاتے اور ریکارڈز رکھنا جو اس کی تمام ادائیگیوں، اخراجات، منتقلیوں (بشمول اس کہ تاکہ اس طرح کی ممنوعہ لین دین شفاف ہوتے ہیں اور چھپائے نہیں جاتے) کی صحیح اور درست رقوم، شناختوں، وصول کنندگان، تاریخوں، نوعیت اور مقصد کی مکمل، شفاف اور معقول انداز میں عکاسی کریں کے لئے اکاؤنٹنگ کے طریقہ کار اور انضباطی اقدامات کا تقاضا کرنا۔

## I. انسداد رشوت خوری/انسداد بدعنوانی کی دفعات

A. منوعات

FCPA کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے جب درج ذیل واقع ہوں۔

1. کوئی ممنوعہ کاروائی ہو۔

a. FCPA کی جانب سے منع کی گئی کاروائیوں میں ادائیگیاں، تحائف، رقم یا کوئی قیمتی چیز ادا کرنے یا دینے کی پیشکشیں، ادا کرنے یا دینے کے وعدے اور ادا کرنے اور دینے کے مختارنامے شامل ہوتے ہیں۔

b. کسی فریق ثالث شخص/فریق کو رقم، تحائف یا کوئی قیمتی چیز ادا کرنے یا دینے کی پیشکشیں، ادا کرنے یا دینے کے وعدے اور ادا کرنے اور دینے کے مختارنامے بھی ممنوع ہیں یہ جانتے ہوئے (اس کا یقین رکھنے کے لئے معقول وجہ ہونا) کہ ادائیگی یا تحفہ فریق ثالث شخص/فریق کی جانب سے FCPA کی خلاف ورزی میں استعمال ہوگا۔ فریق ثالث شخص/فریق کے حوالے سے معقول انکوائری اور مطلوبہ احتیاط برتنے میں ناکامی یا اس حوالے سے کہ فریق ثالث کی جانب سے کمپنی کی اس طرح کی ادائیگیوں/تحائف/اثاثہ جات کے ساتھ کیا کیا جائے گا یا نہیں کیا جائے گا یا کیے جانے کی اجازت ہوگی، اور مزید انکوائری اور مطلوبہ احتیاط برتنے میں ناکامی جب FCPA کی امکانی خلاف ورزی کے انتباہی علامات ('سرخ جھنڈیاں') موجود ہو -- کو ایک شہادت یا استنباط پیدا کر سکتا ہے کہ اس بارے میں علم تھا یا ہونا چاہیئے تھا یا یہ یقین کرنے کے لئے ایک معقول وجہ تھی یا ہونی چاہیئے تھی کہ ادائیگی/تحفہ/اثاثہ جات FCPA کی خلاف ورزی میں استعمال ہوگا۔

2. ادائیگی یا تحفہ میں رقم یا کوئی قیمتی چیز شامل ہو۔

a. اس میں وصول کرنے والے شخص کو (یا اس کے ذاتی فائدے کے لئے) نقدی، جائیداد کا تحفہ، اخراجات کی ادائیگی، قرض، مالی ضمانت، کسی اثاثے کا استعمال یا منتقلی، یا کسی بھی قیمت کی کوئی چیز شامل ہو سکتی ہے۔

b. ادائیگی یا تحفہ بلواسطہ یا بلا واسطہ یا کسی فریق ثالث شخص/فریق کے ذریعے دیا جا سکتا ہے۔

3. ادائیگی یا تحفہ کسی عہدیدار یا امیدوار (یا اس کے خاندان کے افراد میں کسی ایک یا زائد افراد، کاروباری رفیق کار، ایجنٹس یا دیگر نمائندگان) کے لئے (ان کے ذاتی فائدے کے لئے) ہو۔

a. ممنوعہ ادائیگیاں اور تحائف "عہدیداروں (یا ان کے ذاتی فائدے) کے لئے نہیں دیے جا سکتے۔ "عہدیداروں" میں کسی حکومت یا حکومت کے کسی محکمے، ایجنسی یا ڈویژن، یا کلی یا جزوی طور پر حکومتی ملکیت کی کمپنیاں (ایک 'ریاستی ملکیت کی انٹرپرائز' یا 'SOE'، جیسا کہ جزوی طور پر ریاستی ملکیت کے بینک، مفاد عامہ، ٹرانسپورٹ فراہم کنندگان اور ٹیلی کمیونیکیشنز فراہم کنندگان)، کسی بین الاقوامی پبلک ایجنسی (جیسا کہ اقوام متحدہ اور اس کی ایجنسیاں اور ادارے) کے افسران اور ملازمین شامل ہوتے ہیں۔ "عہدیداروں" میں کسی دوسرے عہدیدار یا کسی حکومت یا اس حکومت کے کسی محکمے، ایجنسی یا ڈویژن، یا کسی SOE یا بین الاقوامی پبلک ادارے کے لئے یا اس کے حوالے سے کام کرنے والا کوئی عہدیدار، ایجنسی، نمائندہ یا تعلقی حیثیت بھی شامل ہوتی ہے۔

b. ممنوعہ ادائیگیاں یا تحائف کسی سیاسی جماعت یا اس کے عہدیداروں کو (یا ان کے فائدے کے لئے) یا کسی سرکاری عہدے کے لئے کسی امیدوار کو (یا ان کے فائدے کے لئے) نہیں دیے جا سکتے۔ اسی طرح، سیاسی جماعتوں، سیاسی عہدیداروں یا سیاسی امیدواروں کو (یا ان کے فائدے کے لئے) تمام ادائیگیاں، اخراجات، تحائف اور اثاثہ جات قرض/منتقلیاں جو کمپنی کے فنڈز، اثاثہ جات یا وسائل استعمال کرتی ہوں صرف کمپنی کے حکومتی امور کے نائب صدر کی پیشگی تحریری اجازت کے ساتھ کی جا سکتی ہیں اور صرف تب اور اس حد تک، اگر کوئی ہو، کہ ایسا کرنا FCPA، دیگر قابل اطلاق انسداد رشوت خوری، اینٹی منی لانڈرنگ، انسداد بدعنوانی کے قوانین، تمام قابل اطلاق انتخابی اور انتخابی مہم کے مالیاتی قوانین، قواعد و ضوابط اور کمپنی کے سیاسی سرگرمی پالیسی بیان (ملاحظہ کریںhttp://www.teradata.com/Political-Activity-Policy-Statement) کے مطابق ہو۔

4. ادائیگی یا تحفہ "بد عنوانی" کے ساتھ دیا گیا ہو۔

کوئی ادائیگی یا تحفہ "بد عنوانی" کے ساتھ دیا گیا ہو جب ادائیگی یا تحفہ دینے کی منشاء (ا) کسی معاملے میں کاروائی کرنے یا فیصلہ کرنے کے لئے کسی عہدیدار یا سیاسی امیدوار، اس کی سرکاری حیثیت میں، اثرانداز ہونا ہو یا (ب) عہدیدار یا امیدوار پر اثرانداز ہونا کہ وہ اپنی قانونی ذمہ داری کے خلاف کوئی کاروائی کرے یا نہ کرے۔ یہ بھی FCPA کی خلاف ورزی ہوتی ہے کہ اس انداز میں عہدیدار یا امیدوار پر اثرانداز ہونے کی کوشش ناکام ہوتی ہے۔ یہ حقیقت کہ کوئی ادائیگی یا تحفہ دیا گیا یا اس کی پیشکش کی گئی، بذات خود، بد عنوانی پر مبنی ارادے کی شہادت ہوتی ہے یا یہ استنباط پیدا کر سکتی ہے کہ FCPA کی خلاف ورزی میں بد عنوانی پر مبنی ایک ارادہ موجود تھا (یعنی، FCPA کی خلاف ورزی میں بدعنوانی پر مبنی ارادہ ظاہر کرنے کے لئے اصلی، واضح، اقراری، اظہاری یا براہ راست شہادت کا ظاہر کرنا ضروری نہیں ہے)۔

5. ادائیگی یا تحفہ کسی عہدیدار، حکومتی اینٹٹی، SOE یا بین الاقوامی پبلک ایجنسی سے کاروباری فائدہ حاصل کرنے، برقرار رکھنے یا بصورت دیگر ان سے غیر قانونی، بد عنوانی پر مبنی یا غیر مناسب موافق سلوک حاصل کرنے کے لئے دیا جاتا ہے۔

a. یہ خلاف ورزی تصور کی جاتی ہے اگر کسی ادائیگی یا تحفہ کا منشاء کسی کو موجودہ، تسلسل یا مستقبل میں کاروباری فائدہ دینا ہو۔

b. یہ بھی خلاف ورزی تصور کی جاتی ہے اگر کوئی ادائیگی یا تحفہ زیادہ موافق ٹیکس سہولت حاصل کرنے، قانون کی خلاف ورزی کی اجازت دینے یا ان کو نظرانداز کرنے یا موجودہ، تسلسل یا مستقبل کے کانٹریکٹوں یا کاروباری آپریشنز سے متعلق ترجیحی سلوک کے لئے دیا جائے۔ تاہم، معمول کی لابی اینگ اور تجارتی تنظیموں کی سرگرمیاں ضروری نہیں کہ خلاف ورزیاں تصور کی جائیں، جب تک کہ وہ قابل اطلاق قوانین، ضوابط اور افشاء کرنے کی ذمہ داریوں کی تعمیل کرتی ہوں اور جو بصورت دیگر قانونی طور پر اجازت شدہ لابی اینگ/تجارتی تنظیموں کی سرگرمیوں سے متعلق ہو، کمپنی کے حکومتی امورد کے نائب صدر کی جانب سے پیشگی طور پر منظور شدہ ہوں اور کمپنی کے سیاسی سرگرمی پالیسی بیان (ملاحظہ کریں http://www.teradata.com/Political-Activity-Policy-Statement) کی تعمیل کرتی ہوں۔

B. <u>فریقین ثالث کو ادائیگیاں/تحائف</u>

FCPA کی خلاف ورزی کا ارتکاب کسی فریق ثالث شخص/فریق کو کوئی ادائیگی یا تحفہ دینے، دینے کی پیشکش کرنے یا اس کی اجازت دینے سے ہوتا ہے یہ جانتے ہوئے (قابل ذکر یقینی ہونے کی حالت اور پختہ یقین) یا یہ سمجھنے کی ایک معقول وجہ ہو کہ ادائیگی یا تحفہ فریق ثالث شخص/فریق کی جانب سے کسی عہدیدار یا سیاسی امیدوار پر اس انداز میں اثرانداز ہونے کے مقصد کے لئے استعمال کیا جائے گا جو FCPA کی خلاف ورزی ہوتی اگر کمپنی نے عہدیدار کو براہ راست (یا اس کے فائدے کے لئے) ادائیگی یا تحفہ دیا ہوتا یا اس کی پیشکش کی ہو۔

C. <u>استثنات</u>

ضروری نہیں کہ درج ذیل ادائیگیاں FCPA کی خلاف ورزی ہوں:

1. قانونی طور پر اجازت شدہ "سہولتی ادائیگیوں' کی شکل میں ادائیگیاں، ٹپس، فیس یا گریجوایٹی جو معمول، روایتی اور معمولی ہوں اور ان کا مقصد محض کسی معمول کے کام، غیر صوابدیدی حکومتی کاروائیوں کا انتظام یا ان میں تیزی لانی ہو، جن میں شامل ہیں:

   a. کاروبار کرنے کے لئے درکار پرمٹ، لائسنس اور دیگر سرکاری دستاویزات حاصل کرنا؛

   b. حکومتی کاغذات، جیسا کہ ویزا اور ورک آرڈرز پر عملداری؛

   c. پولیس تحفظ فراہم کرنا، ڈاک اٹھانا اور پہنچانا یا کانٹریکٹ کی کارکردگی سے متعلق معائنوں کو شیڈول کرنا یا ملک بھر میں سامان کی ترسیل؛ اور

   d. فون سروس، بجلی، پانی اور لوڈنگ/ان لوڈنگ فراہم کرنا،

بشرطیکہ ایسی ادائیگیاں اس ملک میں جہاں یہ کی جاتی ہے تحریری قوانین کے ساتھ قانونی ہوں؛ اور بشرطیکہ، کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز میں اس طرح کی تمام سہولتی ادائیگیوں کی صحیح اور درست رقوم، شناختوں، وصول کنندگان، تاریخوں، نوعیت اور مقصد کی مکمل، شفاف اور معقول انداز میں عکاسی کی گئی ہو۔ تاہم، یہ سمجھنا ضروری ہے کہ ایسا کرنا پھر بھی ہماری کمپنی کی صفر برداشت کی پالیسی، UK رشوت خوری ایکٹ اور/یا دیگر انسداد رشوت خوری، انسداد بدعنوانی یا اینٹی منی لانڈرنگ قوانین کی خلاف ورزی ہے اور ان کی اجازت ٹیرا ڈیٹا شعبہ قانون یا E&C دفتر کی پیشگی تحریری رضامندی کے بغیر نہیں کی جانی چاہیئے اگر کوئی شبہ ہو کہ آیا مجوزہ ادائیگی غیر قانونی ہے، غیر اجازت شدہ سہولتی/گریس ادائیگی ہے یا ٹیرا ڈیٹا کی پالیسیوں کے خلاف ہے۔

2. کمپنی کے خرچ پر سامان آرائش، ایسی چیزوں جیسا کہ کسی عہدیدار یا امیدوار کی جانب سے یا اس کے توسط سے سفر، کھانوں یا ہوٹل رہائش پر اٹھنے والے اخراجات کے لئے نیک نیتی کے ساتھ (مثلا، جائز، نیک نیتی، مناسب) باز ادائیگیاں اس حد تک جو درج ذیل سے براہ راست متعلق ہوں:

   a. مصنوعات یا خدمات کی تشہیر، مشاہدہ یا وضاحت کرنا؛ یا

   b. حکومت، حکومت کی کسی ایجنسی، کسی SOE یا بین الاقوامی پبلک ایجنسی کے ساتھ کسی کانٹریکٹ کی بارآوری یا انجام دہی،

بشرطیکہ کہ ایسا اخراجات/باز ادائیگیاں قابل اطلاق ملک/ریاست، صوبے/عملداری کے تحریری قوانین کے تحت قانونی ہوں؛ بشرطیکہ کہ کمپنی کے کھاتے اور ریکارڈز میں لین دین کی صحیح اور درست رقوم، شناختوں، وصول کنندگان، تاریخوں، نوعیت اور مقصد کی مکمل، شفاف اور معقول انداز میں عکاسی کی گئی ہو؛ اور بشرطیکہ ایسی ادائیگیوں میں عہدیدار یا کسی ایسے شخص کے لئے جو کاروباری دورے/خرچ کے حوالے سے عہدیدار نہیں ہے کے لئے ذاتی/تعطیلات کے سفر، کھانوں اور ہوٹل کی رہائش کے لئے اخراجات یا باز ادائیگیاں شامل نہ ہوں۔ مثال کے طور پر، ایسے اخراجات اور باز ادائیگیاں عہدیدار کے کسی خاندان کے فرد یا دوست کے لئے پیش، برداشت یا منظور نہیں کی جانی چاہیئے اور کمپنی کی جانب سے برداشت کیے گئے اخراجات/باز ادائیگیوں کو صرف کمپنی کے کھاتوں اور ریکارڈز میں شناخت کردہ جائز مقصد کے لئے معقول طور پر ضروری اصل سفر ان مقامات تک جو معقول طور پر ضروری ہو، کھانوں اور ہوٹل کی رہائش اس دورانیے کے لئے جو معقول طور پر ضروری ہو کا احاطہ کرنا چاہیئے (یعنی، اگر عہدیدار چاہتا کہ کوئی خاندان کا فرد یا دوست شامل ہو، اگر عہدیدار چاہتا ہے کہ ذاتی، تعطیلات یا دیگر مقاصد کے لئے کاروباری سفر کے دورانیے میں توسیع کی جائے ان دورانیے سے جو زیر نظر جائز کاروباری سرگرمی کی انجام دہی کے لئے معقول طور پر ضروری ہے، اور/یا اگر عہدیدار چاہتا ہے کہ ذاتی، تعطیلات یا دیگر مقاصد کے لئے کاروباری سفر کے مقامات میں اضافہ کیا جائے ان مقامات سے جو زیر نظر جائز کاروباری سرگرمی کی انجام دہی کے لئے معقول طور پر ضروری ہے - تو سفر، کھانوں اور ہوٹل کی رہائش کے ان پہلوؤں کے لئے اخراجات کو عہدیدار/شریک کنندہ کے ذاتی اخراجات، نہ کہ کمپنی کے کاروباری اخراجات کے طور پر برداشت کیا جانا چاہیئے اور ایسی سہولت کی کمپنی کی جانب سے پیشکش یا منظوری نہیں دی جانی چاہیئے)۔

کسی سرکاری عہدیدار کو یا اس کے فائدے کے لئے ایسے کاروباری سفر، کھانے یا ہوٹل کی رہائش کے اخراجات/باز ادائیگیوں کو برداشت کرنے یا ان کی منظوری دینے سے پہلے کمپنی کے شعبہ قانون یا E&C دفتر کی نظرثانی، مشورہ اور منظوری حاصل کی جانی چاہیئے۔

یہ بھی کہ، اگرچہ FCPA کا اطلاق تخصیص کے ساتھ سرکاری عہدیداروں کو یا کے لئے ادائیگیوں، تحائف اور منتقلیوں پر ہوتا ہے اور جو سرکاری بدعنوانی کہلاتی ہے اور ٹیرا ڈیٹا کی ذمہ داری ہے کہ ٹیرا ڈیٹا کے افراد کو FCPA اور اس کے امکانی مضمرات کے بارے میں آگاہ کریں، ٹیرا ڈیٹا کے افراد کو ذہن نشین کرنا چاہیئے کہ ٹیرا ڈیٹا کی پالیسیاں، ٹیرا ڈیٹا ضابطہ اخلاق، UK رشوت خوری ایکٹ، دوسرے انسداد رشوت خوری، انسداد بدعنوانی اور اینٹی منی لانڈرنگ قوانین، کسٹمر کانٹریکٹ اور کسٹمر پالیساں اور ضابطہ اخلاق پرائیویٹ عہدیداروں اور پرائیویٹ بدعنوانی پر ویسے ہی معیارات اور ممنوعات کا اطلاق کرتے ہیں۔ اہم نقطہ یہ ہے کہ رشوت خوری اور بد عنوانی غلط ہے، ہمیشہ غلط ہے اور تمام جگہوں میں اور عالمی طور پر تمام تعلقات میں میں غلط ہے (ٹیرا ڈیٹا میں اس کو برداشت نہیں کیا جائے گا)، اس سے قطع نظر کہ آیا یہ تکنیکی طور پر یہ FCPA کے اسکوپ میں آتی ہے یا نہیں۔

D. <u>جرمانے</u>

1. کوئی کمپنی FCPA کی خلاف ورزیوں کے لئے قابل ذکر فوجداری اور دیوانی جرمانوں اور سزاؤں، منافع ترک کرنے کی پابند ہو سکتی ہے۔
2. کمپنی کے افسران، ڈائریکٹر، ملازمین، ایجنٹ اور دیگر نمائندے FCPA کی خلاف ورزی کے لئے قابل ذکر جرمانوں اور سزاؤں، ذاتی حاصل کردہ دولت ترک کرنے/لوٹانے اور قید کی سزا کے پابند ہو سکتے ہیں۔
3. کارپوریٹ آجر FCPA کی خلاف ورزیوں کے لئے کسی فرد پر عائد جرمانے، سزائیں یا ذاتی حاصل کردہ دولت ترک کرنے/لوٹانے کے لئے ادائیگی نہیں کر سکتا۔

## II. اکاؤنٹنگ کے انضباطی اقدامات (درست کھاتے اور ریکارڈز) کی دفعات

A. تقاضے

1. FCPA کے تحت، امریکہ میں قائم/تجارت کرنے والی کمپنیوں اور دنیا بھر میں ان کے ذیلی اداروں کو کھاتے، ریکارڈز اور اکاؤنٹ برقرار رکھنے چاہیئے جو معقول طور پر تفصیلی ہوں اور جو کمپنی کی تمام ادائیگیوں، اخراجات، منتقلیوں، لین دین اور اثاثوں کے انتظام کی درست اور شفاف طریقے سے عکاسی کریں۔

a. تمام ادائیگیوں، اخراجات، منتقلیوں، لین دین اور انتظامات، حتی کہ معمولی رقوم کے لئے بھی، کو شامل کیا جانا چاہیئے۔

b. غیر ریکارڈ شدہ ادائیگیاں، اخراجات، منتقلیاں، لین دین اور انتظامات، ان میں جعل سازیوں اور ان کے حوالے سے دیگر غلط نمائندگیوں کی اجازت نہیں ہے۔

2. ایسی کمپنیوں اور دنیا بھر میں ان کے تمام ذیلی اداروں کو اندرونی اکاؤنٹنگ کے انضباطی اقدامات کے نظام بنانے اور برقرار رکھنے چاہیئے جو معقول یقین دہانی مہیا کریں کہ:

a. ادائیگیاں، اخراجات، منتقلیاں، اور لین دین عمومی اور مخصوص انتظامی اختیار دہی کے مطابق عمل میں لایا جاتا ہے؛

b. ادائیگیاں، اخراجات، منتقلیاں، لین دین کو ریکارڈ کیا جاتا ہے تاکہ مالی گوشوارے عام طور پر قابل قبول اکاؤنٹنگ اصولوں کے مطابق تیار کیے جا سکیں اور تاکہ اثاثہ جات کے احتساب کو برقرار رکھا جائے؛

c. اثاثہ جات تک رسائی اور ان کی منتقلیوں کی اجازت صرف عمومی اورمخصوص انتظامی اختیار دہی کے ساتھ اجازت ہے؛ اور

d. معقول وقفوں کے بعد اثاثہ جات اکاؤنٹنگ ریکارڈز کا موجودہ اثاثہ جات کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے (آڈٹ کیا جاتا ہے) اور جہاں فرق پایا جاتا ہے معقول کاروائی کی جاتی ہے۔

B. جرمانے

اس طرح کے انضباطی اقدامات کے نظام کو جان بوجھ کر جل دینے اور ان کو نافذ کرنے میں ناکامی ہونے یا جان بوجھ کر کھاتوں اور ریکارڈز میں جعل سازی کرنے پر کمپنی اور افراد قابل فوجداری جرمانوں اور سزاؤں کا سامنا کرتے ہیں اور افراد قید کی سزا کا سامنا کرتے ہیں۔